نیوز ریلیز

سفارت خانہ، ریاستہائے متحدہ امریکہ

شعبۂ تعلقات عامہ

30اپریل 2010ء

برائے فوری اجراء

257/2010

رابطہ: رچرڈسنیلسائر

ترجمان

فون: 0300-501-2640

امریکہ کی جانب سے پاک فوج کو نئے ہیلی کاپٹروں کی فراہمی

اسلام آباد(30اپریل2010ء)___ امریکی حکومت نے آج اعلان کیا ہے کہ وہ شورش کچلنے کے لئے کی جانے والی کوششوں میں مدد دینے کے لئے پاک فوج کو دو Bell 412 EP ہیلی کاپٹر فراہم کرے گی۔

امریکہ 24 ملین ڈالر مالیت کے اعلیٰ کارکردگی کے حامل دو مال بردار ہیلی کاپٹر خریدے گا تاکہ پاکستان کی جانب سے شورش کچلنے کے لئے جاری کارروائیوں میں اعانت فراہم کی جائے۔ امریکہ ہیلی کاپٹروں کے لئے متعلقہ فاضل پرزہ جات، خصوصی آلات اور دیگر ساز وسامان کی مد میں 20 ملین ڈالر بھی فراہم کرے گا۔

گزشتہ تین برسوں کے دوران پاکستان کو ملنے والی کل سویلین اور فوجی امریکی امداد کی مالیت چار ارب ڈالر سے زیادہ ہو چکی ہے۔ فراہم کی جانے والی اس اعانت میں طبی امداد، اسکولوں کی تزئین وآرائش، پلوں اور کنوؤں کی تعمیر نو، خوراک کی تقسیم اور زرعی وتعلیمی منصوبے شامل ہیں۔ مخصوص دفاعی اعانت میں 14 ایف سولہ لڑاکا طیارے، 10 ایم آئی سترہ ہیلی کاپٹر، پاکستان فرنٹیئر کور کے لئے 450 سے زیادہ گاڑیاں، رات کو دیکھنے والی سینکڑوں عینکیں، دن اور رات کے اوقات میں استعمال ہونے والی دوربینیں، ریڈیو، اور پاکستان کی مسلح افواج کے لئے ہزاروں کی تعداد میں حفاظتی جیکٹیں اور ابتدائی طبی امداد کی اشیاء شامل ہیں۔ امریکہ نے 370 سے زیادہ پاکستانی فوجی افسران کو انسدادِ دہشت گردی، انٹیلی جینس، نقل وحمل، میڈیکل، دوران پرواز حفاظت اور فوجی قوانین ایسے موضوعات کے بارے میں قائدانہ صلاحیتوں کو اُبھارنے کے پروگراموں کے لئے تربیت بھی فراہم کی ہے۔

###